Posted On Kitab Nagri




www.kitabnagri.com

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

**KITAB NAGRI SPECIAL**

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، آرٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

انتباہ: اس ناول کے تمام جملہ حقوق کتاب نگری ویب کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جائے۔

Posted On Kitab Nagri

# میرا حق

## از قلم عروہ فاطمہ

(ٹاپک : وجودِ زن)

ان سب ویب، بلاگ، یوٹیوب چینل اور ایپ والوں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ اس ناول کو چوری کر کے پوسٹ کرنے سے باز رہیں ورنہ ادارہ کتاب نگری اور رائیٹر ان کے خلاف ہر طرح کی قانونی کاروائی کرنے کے مجاز ہونگے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

قسط نمبر 6

ردا بہت شکریہ تمہارا تم نے اتنی مدد کی میری

بی بی جی ایسے نا کہیں میں تو غلام ہوں جی آپ کا کہا ماننا ہی کام ہے ہمارا

امل ردا کی بات پر مسکرا دی

Posted On Kitab Nagri

بس بی بی میرا نام نا لیجیے گا ورنہ میں تو ماری جاؤں گی

کچھ نہیں ہو گا ردا تم بھروسہ رکھو مجھ پر اور اب جاؤ اس سے پہلے کہ بی بی سرکار آ جائیں اور باتیں سنائیں

جی امل بی بی

ردا نے سر کو خم دے کر کہا اور دروازہ کھول کر باہر چلی گئ

امل نے موبائل چھپایا اور اچھے سے دوپٹہ اوڑھ کر کمرے سے باہر نکلی

ہر طرف عجیب سی ہلچل اور خوف سا محسوس ہوا امل کو

اس لیے وہ سیدھی شمسہ کے روم میں گئ

امی میں آ جاؤں

دروازے پر رک کر امل نے اجازت طلب کی

امی صدقے میری جان

امل جب تم امی کہتی ہو نا سیروں خون بڑھ جاتا ہے میرا

شمسہ کھل اٹھیں

امل بھی مسکرائی

Posted On Kitab Nagri

اچھا سنیں کوئی بات ہوئی ہے کیا حویلی کی ہوا کافی خطرناک محسوس ہو رہی ہے مجھے

ہاں ہوئی تو ہے

شمسہ نے تہہ شدہ کپڑے الماری میں رکھ کر امل کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا

اور وہ کیا بات ہے

امل نے ٹھوڑی کے نیچے ہتھیلی رکھتے ہوئے سوال کیا

سلمان شاہ اپنی نئی بیوی کو لے کر حویلی پہنچ گئے ہیں

ہیں یہ کیا کہہ رہی ہیں آپ

وہی جو سچ ہے امل

کس معصوم کی قسمت پھوٹی ہے اب تائی امی

ارے امل اس بار تو مجھ جیسی یتیم یا ثمینہ جیسی کم عمر ڈرپوک کو نہیں بیاہ کر لائے

بلکہ بلا کی حیسن عورت کو دلہن بنا کر لائے ہیں شاہ جی

خدا خیر کرے اس حویلی اور اس کے مکینوں کی اب

شمسہ پر سوچ انداز میں بولیں

Posted On Kitab Nagri

چھوڑیں تائی امی آپ کیوں اتنی ہمدرد بن رہی ہیں

ہمم تم بتاؤ آج کیسے میرے کمرے کارخ کرلیا

ہاں تائی امی آج میرا دل کررہا ہے کہ آپ مجھے وہ سپیشل آملیٹ اور پراٹھا بنا کردئیں

یہ دوپہر کے دو بجے تم نے ناشتہ کرنا ہے امل

ہاں نادل کررہا ہے امل نے کسی چھوٹے سے بچے کی طرح کہا

اچھا آجاؤ چلیں کچن میں

شمسہ امل کو لیے کچن کی طرف چل دئیں

ارے آپ کو کیا ہوا ہے چھوٹی تائی امی

امل نے ثمینہ کو ایک کونے میں کام کرنے کے ساتھ ساتھ آنسو بہاتے دیکھا

کچھ نہیں ہوا تم اپنا کام کرو

ثمینہ نے امل کو بری طرح جھٹک دیا ۔

کیا ہو گیا ہے ثمینہ تم دکھی ہو تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ باقی سب کو بھی کردو

شمسہ نے ثمینہ کو ڈپٹا تو وہ کچن سے فوراً ہی باہر نکل گئیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مت کریں تائی امی وہ بیچاری پہلے دکھی ہیں

------------------------------

یہاں کیا کر رہی ہو چشمش

بریانی بنا رہی ہوں

ہیں گھاس پر کونسی بریانی بنتی ہے بھئی

ماہ بیر نے حیرانی سے سوال کیا

خیالوں کی

جس پر نشمیہ نے گم سم سے انداز میں جواب دیا

کونسا چینی کا جہاز ڈوب گیا ہے تمہارا جس کی فکر میں گھل رہی ہو تم

پیپرز آ گئے ہیں اور مجھے کچھ نہیں آتا اس لیے پریشان ہوں میں

نشمیہ روہانسی ہو گئی

ارے ارے یار رونا نہیں وہ بھی پیپرز کی ٹینشن لے کر

نشمیہ کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر ماہ بیر گڑ بڑا گیا

Posted On Kitab Nagri

اچھا بتاو کونسا سبجیکٹ ویک ہے زیادہ

الجبرہ

نشمیہ نے انگلی سے عینک ناک پر ٹکائی

یار چشمش بیسک میتھس ہو گی

میں کروادوں گا اب رونا بند کرو

ماہ بیر نے کہا تو نشمیہ کہ چہرے پر سکون سا آگیا

ویسے پہلے تو تم ڈرتی تھی مجھ سے اور اب تو دوستی ہو گئی ہے ہماری

ماہ بیر نے بتیسی نکال کر کہا

مگر نشمیہ نے نا زبان سے کچھ کہا اور نا تاثرات میں کوئی فرق آیا

ہو گئی ہے نا دوستی چشمش

ماہ بیر نے تصدیق چاہی

ہمممم کہہ سکتے ہیں بھائی

بھائی، ماہ بیر کو صدمہ لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جی بھائی

نشمیہ نے مسکراہٹ چھپاتے ہوئے پھر سے کہا

ظالم عورت ایک انتہائی سوبر اور ہینڈسم لڑکے کو بھائی کہتے تمھیں شرم نا آئی

ماہ بیر تڑپ اٹھا

واٹ عورت

جبکہ نشمیہ نے بھی ماہ بیر باقی ساری بات اگنور کر کے صرف عورت لفظ پر فوکس کیا

ہاں عورت،

ہونہہ آئی بڑی زبردستی کی بہن

ماہ بیر منہ میں بڑبڑاتا اٹھ کر چلا گیا

بدتمیز کہیں کا نا جانے کہاں سے منہ اٹھا کر آجاتا ہے سر کھانے

نشمیہ نے خاصی اونچی آواز میں کہا

سول ڈیپارٹمنٹ سے

ماہ بیر نے بغیر مڑے اونچی آواز میں نشمیہ کا جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

نشمیہ غصے سے تلملا گئی

---------------------------

واہ شاہ جی دل میں گھر کر گئے ہیں آپ تو

ہاہاہا تمہارے لیے تو جان بھی حاضر ہے ستارہ بیگم

بس تم مجھے بیٹے کی خوشی دے دو میں تمہارا غلام ہو جاؤں گا

سلمان شاہ کی آنکھوں میں چمک اُمڈ آئی

خدا خیر کرے گا شاہ جی خیر کرے گا خدا

ستارہ بیگم نے مسکرا کر کہا اور باہر کا رخ کیا

کہاں جا رہی ہو

شاہ جی بھوک لگ رہی ہے کچھ کھانے کو بنا کر لاتی ہوں

نہیں تم ٹھہرو میں ملازمہ کو کہتا ہوں

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ کو معلوم ہے شاہ جی ہم ملازمہ کے ہاتھ کا کھانا نہیں کھاتے

ستارہ جہاں نے ایک ادا سے کندھے سے سرکتا شفون کا دوپٹہ دوبارہ کندھوں پر ڈالا

میں شمسہ یا ثمینہ کو کہہ دیتا ہوں تم مت جاو

سلمان شاہ پھر بولے

کون وہ آپ کی دونوں بیویاں

رحم کریں شاہ جی مجھ پر کیا پتا وہ زہر ملا دئیں

میں تو خوامخوہ ماری جاؤں گی نا

اوف ہو وو ایک تو تم کوئی بات مانتی نہیں ہو

بات مان کر ہی تو یہاں تک آ گئی ہوں شاہ جی

ستارہ جہاں نے سلمان شاہ کی طرف ایک نظر ڈال کر جواب دیا اور کمرے سے باہر نکل گئیں

--

--

تم یہاں تک کیسے پہنچ گئی گھٹیا عورت

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ستارہ بیگم نے چائے کا پانی چولہے پر رکھا کہ ایک مردانہ آواز ان کے کانوں سے ٹکرائی جس پر فوراً مڑ کر دیکھا تو فراز شاہ غصے سے دانت پیسے ستارہ بیگم کی طرف ہی دیکھ رہے تھے

آپ آئے گھر ہیں ہمارے بہت دیر کے بعد

بیٹھیے ! ہم ذرا خود کو بلا کر لاتے ہیں

طویل گفتگو ممکن ہے سرد ہے موسم

ہم اپنے ہاتھ کی چائے بنا کر لاتے ہیں

ستارہ بیگم نے شلف سے ٹیک لگائے

فراز شاہ کو دیکھ کر کہا

بلکہ یہاں تو ہم آپ کے گھر آئے ہیں فراز شاہ چلیں کوئی بات نہیں ہم پھر بھی آپ سے چائے کا پوچھ لیتے ہیں وہ بھی محبت سے

بکواس بند کرو ذلیل عورت اور جتنا جلدی ہو سکے یہاں سے دفعہ ہو جاؤ

فراز شاہ غرائے

نانا شاہ جی ذرا تحمل سے کام لیں ارے ابھی تو پرانے حساب چکتا کرنے ہیں

Posted On Kitab Nagri

میں تمہارا وہ حشر کروں گا کہ ہر انسان کے لیے عبرت کا نشان بنو گی تم گھٹیا بازاری عورت

واہ فراز شاہ ایک عام سی لڑکی کو بازاری عورت بنانے کا شرف بھی تو آپ کو ہی پہنچتا ہے

چلیں چھوڑیں پرانی باتیں

اب تو باتیں نئی ہوں گی اور حساب پرانے

ستارہ جہاں نے کلائی میں پہنی سرخ کانچ کی چوڑیاں کھنکائیں

اور اسی وقت شمسہ کچن میں داخل ہوئیں

تو فراز شاہ نے ایک حقارت بھری نظر ستارہ جہاں پر ڈالی اور باہر نکل گئے

جبکہ شمسہ نے پہلے فراز شاہ کو جاتے دیکھا اور پھر شلف کے ساتھ کھڑی اس لال پری کو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

___________________________

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

انتباہ: اس ناول کے تمام جملہ حقوق کتاب نگری ویب کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جائے۔

www.kitabnagri.com

امل کہاں تھی تم میں سارا دن تمہاری کال کا انتظار کرتا رہا

ہاں وہ آج ہم بی بی سرکار کے ساتھ مارکیٹ گئے تھے

مگر کیوں، مہربان نے سوال کیا

شادی کی شاپنگ کے لیے، امل نے شرارتی انداز میں جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

امل تم نے ماہ بیر سے شادی ہی کرنی تھی تو میری زندگی میں آئی کیوں تم

مہربان غصے سے بولا

کیونکہ مجھے اچھے لگتے ہیں آپ

تو اس ماہ بیر سے شادی کیوں کر رہی ہو اور کیوں بار بار شادی کا کہہ کر میرا دل جلاتی ہو

مہربان پہلے سے بھی ذیادہ غصے سے بولا

کیا ہو گیا ہے مہربان اتنا کیوں غصہ کر رہے ہیں جبکہ آپ کو اندازہ ہے کہ اس گھر کے باقی لوگوں کے غصے اور حقارت کا سامنا میں صبح شام کرتی ہوں

ایک آپ سے بات کر کے تھوڑا سکون ملتا ہے اور آپ بھی اب میرا انہی باتوں سے دل جلائیں

امل کی آواز میں افسوس تھا

امل یار میں نہیں رہ سکتا اب تمہارے بغیر تم کیوں نہیں سمجھتی یہ بات

تم بار بار اپنی اور ماہ بیر کی شادی کا ذکر کر کے مجھے تکلیف دو گی تو ایسا ہی ری ایکشن ہو گا نا میرا

پاگل محبت کرتا ہوں تم سے اتنا تو سمجھو

اور مہربان کی آخری بات پر امل دل سے مسکرائی

فوراً ہی سارے گلے شکوے بھول گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ واقعی مجھے سے محبت کرتے ہیں مہربان

یار تمہارے جلاد باپ اور بھائیوں کی حیوانگی اور درندگی کا اندازہ ہوتے ہوئے بھی تم سے بات کرنے کی جرت کی ہے بغیر محبت کے تو اتنی ہمت کوئی نہیں کر سکتا نا

مہربان نے سرد آہ بھر کر کہا

امل کھلکھلا کر ہنس دی

یہ دل باغ باغ ہو جاتا ہے تمہاری گھنگروں کی چھنکار جیسی ہنسی سن کر امل

امل کا چہرہ حیا کے رنگ سے لال ہو گیا

اچھا وہ نا مجھے ایک کام تھا آپ سے

تمہارے لیے تو جان بھی حاضر ہے حکم کرو مہربان نے الفاظ کا جادو امل پر چلایا

مجھے نا کچھ میگزینز چاہیں

کیسے میگزین، مہربان نے سوال کیا

میں آپ کو نام لکھ کر میسج کرتی ہوں آپ مجھے لا دئیں شہر سے

امل ابھی کچھ دن تو شہر کا چکر لگنا مشکل ہے کیونکہ بابا گیا ہوا ہے شہر وہ واپس آئے گا تب ہی میں جا سکوں گا

اچھا ٹھیک ہے میں انتظار کر لوں گی

Posted On Kitab Nagri

ویسے تمہیں میگزین پڑھنے کا شوق کب سے ہو گیا

مہربان نے محبت سے پوچھا

بچپن سے ہے

امل نے مختصر جواب دیا

---------------------------

مرحہ بی بی آپ کو عادلہ بی بی اپنے کمرے میں بلا رہی ہیں

مرحہ کتابوں میں سر دیئے پڑھائی میں مصروف تھی جب ملازمہ نے آکر عادلہ کا پیغام دیا

مرحہ اسی وقت کتابیں رکھ کر چلی گئی

کیونکہ اسے احساس تھا کہ اس کی پھوپھو اسے کس قدر مس کر رہی ہوں گی

آج چار. دن بعد میرے کمرے کا رخ کیا ہے تم نے مرحہ

مرحہ دروازہ کھول کے کمرے میں داخل ہوئی تو عادلہ نے افسوس سے کہا

سوری پھوپھو میں پیپرز کی تیاری کر رہی تھی اور پھر آئے دن اماں سائیں مارکیٹ لے جاتی ہیں

Posted On Kitab Nagri

ہاں میری لاڈو تو اب خیر سے اپنے گھر والی ہونے والی ہے

اس بات میں کتنی حقیقت ہے پھوپھو یہ آپ بھی جانتی ہیں

مرحہ کے چہرے پر زمانوں کی سی تھکن چھا گئی

اداس نا ہو میرا بچہ اللہ سائیں تمہاری مدد کرے گا انشاءاللہ

ہاں پھوپھو وہی کرے گا کیونکہ یہاں تو سگا بھائی بھی سگا نہیں بنتا

مت اداس ہوا کرو میری چندا بہت بری لگتی ہو منہ بسور کے

عادلہ نے کھینچ کر مرحہ کو گلے لگایا

بہت اچھی ہیں پھوپھو آپ

ارے۔ میں نہیں تم اچھی ہو اس لیے ایسا کہہ رہی ہو ورنہ اپنے باپ سے پوچھو کہ کیسی ہوں میں

اچھا چھوڑیں سب یہ بتائیں شاہ زین کا کوئی پیغام آیا ہے کیا آپ کو

ہاں مرحہ تمہیں کس نے بتایا

آپ کی آنکھوں کی چمک نے مرحہ نے خوشی سے کہا

عادلہ بھی ہنس دیئں

Posted On Kitab Nagri

جاؤ دروازہ لاک کر کے آؤ پھر دیکھاتی ہوں

عادلہ نے کہا تو مرحہ اٹھی اور دروازہ لاک کر کے واپس اپنی جگہ آ بیٹھی

ویسے پھوپھو پہلے تو آپ کو آپ کے بیٹے کی کوئی خبر کوئی تصویر نہیں ملتی تھی

یہ معجزہ کب سے ہوا ہے

مرحہ نے تجسس سے سوال کیا

جب سے تمہارا باپ اور چچا مجھ سے مکمل طور پر غافل ہوئے ہیں تب سے

ورنہ پہلے تو جانوروں سے بدتر سلوک ہوتا تھا جس میں تمہاری ماں بھی پیش پیش تھی

پھوپھو پلیز بھول جائیں پرانی باتیں

نہیں مرحہ یہ باتیں تو میں قبر میں اترنے تک نہیں بھولوں گی کہ کیسے ان نام نہاد اپنوں نے میری جنت کو ڈھ کر اپنا آشیانہ آباد کیا تھا

اس گھر میں تم واحد ہو جس سے مجھے محبت ہے تمہیں پتا ہے جب تم پیدا ہوئی تھی میں نے سوچا تھا کہ شاید زندگی مجھے میرے بیٹے سے ملا دے تو میں تمہیں اپنی بہو بناؤں گی

ورنہ اس گھر کے ہر فریق سے نفرت ہے مجھے

مرحہ سر جھکا گئی

Posted On Kitab Nagri

اچھا اٹھو تم اور الماری کے دوسرے خانے کو کھولو اور ایک بیگ پڑا ہے اٹھا کے لاؤ

عادلہ کے کہنے پر مرحہ ایک چھوٹا سا بیگ نکال کر لے آئی

عادلہ نے بیگ کھول کر ایک خوبصورت شال نکالی

یہ دیکھو میرے بیٹے نے اپنی پہلی کمائی سے یہ تحفہ مجھے بھیجا ہے

عادلہ نے شال کو اپنے سینے سے لگا لیا

اور خوشی سے مرحہ کو بتانے لگیں

مرحہ خاموش سی لبوں پہ مسکراہٹ سجائے عادلہ کی خوشی کو دیکھتی رہی

شاید یہ پہلی بار تھا جب مرحہ نے اپنی پھوپھی امی کو اس قدر خوش دیکھا تھا

اچھی ہے نا یہ مرحہ

بہت زیادہ اچھی ہے پھوپھو مرحہ نے خوشی سے جواب دیا

اوہ ہاں مرحہ یہ خط بھی ہے میرے بیٹے نے پہلی بار مجھے خط لکھا ہے

اور بد قسمتی دیکھو میں پڑھ بھی نہیں سکتی

ارے اتنی سی بات پر اداس ہو رہی ہیں آپ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں ہوں نا میں پڑھ دیتی ہوں لائیں مجھے دئیں

مرحہ نے عادلہ کے ہاتھ سے خط لے کر کھولا

اور پڑھنا شروع کیا

"

میری پیاری امی

میری بہادر امی

میں آپ کا بد قسمت بیٹا جس نے ماں باپ کے بغیر بچپن لڑکپن اور اب جوانی میں قدم رکھ لیا ہے

امی مجھے یاد تو کرتی ہوں گی نا

آپ کو پتہ ہے میں اگلے ماہ چھبیس سال کا ہو جاؤں گا

اور میری بد قسمتی دیکھتی ہیں آپ کے ان چھبیس سالوں میں ایک بار بھی آپ کی گود میں سر نہیں رکھ سکا

ایک بار بھی آپ کو گلے نہیں لگا سکا

دادی جان کہتی ہیں کہ تمہاری ماں نے میرا شیر بیٹا مروا دیا

لیکن میں یقین نہیں کرتا

Posted On Kitab Nagri

مجھے پتہ ہے میری امی بہت بہادر ہیں

آپ کا بیٹا بھی بہت بہار ہے امی بہت جلد آپ کو اس قید سے نکال کر لے جاؤں گا اور اپنے بابا کا بدلہ بھی لوں گا

میرا انتظار کیجیے گا پیاری امی

آپ کا بیٹا شاہ زین

"

خط پڑھتے پڑھتے ہی مرحہ اور عادلہ کا چہرہ آنسوؤں سے بھیگ گیا

کسی ایک لفظ کو پڑھ کر نہیں لگ رہا تھا کہ یہ خط کسی چھبیس سال کے مرد نے لکھا تھا

ایسا محسوس ہوتا تھا کہ کسی نو دس سال کے بچے نے اپنی ماں کی یاد میں دل کے خون سے یہ خط لکھ کر بھیجا ہو

کئی بار عادلہ نے وہ خط مرحہ سے پڑھوانے کے بعد چوم کر آنکھوں پر لگایا اور سنبھال کے رکھ دیا

www.kitabnagri.com

-----------------------------

پیپر کیسا ہوا آپ کا

اچھا ہو گیا سواش تھینکیو آپ نے بہت مدد کی میری

Posted On Kitab Nagri

ارے نہیں زہرا آپکا پیپر اچھا ہو گیا یہی بہت ہے میرے لیے

زہرا جواباً مسکرائی

آج آخری پیپر سے بھی جان چھوٹ گئی

ہاں بس دعا کریں مارکس بھی اچھے آجائیں سواش پھر میں آپکو ٹریٹ دوں گی

ہاہاہا ڈن کریں مس زہرا

ڈن ہے بوس

زہرا بھی مسکرائی

اوکے پھر بھی چلتا ہوں مجھے اور ماہ بیر کو گاؤں واپس جانا ہے

اوکے پھر ملتے ہیں جب واپسی ہو گی

اللہ حافظ

زہرا کے جانے کے بعد سواش سیدھا ماہ بیر کے ہاسٹل کے کمرے میں آیا

لیکن کمرہ لاک تھا

سواش نے ماہ بیر کا نمبر ڈائل کیا جو کہ بند جا رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

اور پھر باری باری ارحان راحب اور شہیر کے نمبر ڈائل کیے جو کہ سب کے سب بند تھے

یہ خبیث پھر مجھے شیر کی کچھار میں اکیلا پھینک کر چلا گیا ہے

لعنت ہو ماہ بیر تیری پیدائش پہ بھی

سواش غصے سے پیر پٹختا واپس اپنے کمرے میں آ گیا اور پیکنگ شروع کی

چل بیٹا سواش اب اس لعنتی کے حصے کی بے عزتی بھی تیرا مقدر نے

سواش نے بیگ کندھے پر ڈالا اور بڑبڑاتا ہوا کمرے سے نکل گیا

ارے سواش بھائی کدھر چلے

کسی نے سواش کو جاتے ہوئے آواز دی

جہنم میں، چلے گا کیا

سواش نے جل بھن کر جواب دیا

نا بھائی اکیلے ہی جاو عیش کرو بس یہ سندیسہ لیتے جاو

ایک پرچی پکڑا کر وہ ساتھ والے کمرے والا لڑکا چلا گیا

"

Posted On Kitab Nagri

ناردرن ایریاز جارہاہوں دوستوں کے ساتھ ویکیشنز ختم ہوتے ہی آجاؤں گا

تمہارا پیارا بھائی ماہ بیر شاہ "

تو واپس تو آ کتے تیرا میں قیمہ بناؤں گا

--

سلام تایا سرکار

وعلیکم اسلام

نہیں آیا وہ نافرمان

نہیں تایا سرکار

تو تم کیا لینے آئے ہو تم بھی وہیں رہ جاتے

تایا سرکار وہ تو چلا گیا دوستوں کے ساتھ ناردرن ایریاز میں کہاں جاتا مجھے تو گھر ہی آنا تھا

سواش نے منہ بنا کر جواب دیا

اچھا زیادہ زبان نا چلاو اور جاو اپنے کمرے میں

میری تو قسمت ہی خراب ہے ایسی نافرمان اولاد گلے پڑی ہے کہ جان کو آگئی ہے

Posted On Kitab Nagri

ابراہیم شاہ نے آہستہ آواز میں کوسا

مجھے کچھ کہا تا یا سرکار

ہاں زہر لادو مجھے لا کے دے سکتے ہو

سواش نے نفی میں سر ہلا دیا

پھر جاو دفعہ ہو منہ کیا دیکھ رہے ہو

ابراہیم شاہ چنگھاڑے

سواش نے اپنے کمرے کی طرف دوڑ لگا دی

ایک تو پہلے ہی فراز اور اس کا بیٹا گدی کے تعاقب میں بیٹھے ہیں اوپر سے میری اولاد ایسی نالائق ہے کہ خود گنوار ہی ہے

خدا ہدایت دے ماہ بیر تمہیں

ابراہیم شاہ لاونج میں یہاں سے وہاں چکر لگاتے رہیے

سرکار چائے

بی بی سرکار چائے لے کر آئیں

نہیں چاہیے دفعہ ہو جاو اپنی منحوس شکل گم کرو

Posted On Kitab Nagri

ابراہیم شاہ دھاڑے

اور بی بی سرکار خاموشی سے سر جھکائے واپس مڑ گئی

---------------------------

امل بی بی یہ کچھ رسالے مہربان لال نے بھیجے ہیں

ردا نے میگزینز امل کو دیے

امل کی خوشی کا ٹھکانہ نا رہا

ردا کو بھیج کر امل نے اپنی وہی جینز اور شرٹ نکالی اور پہن کر شیشے کے سامنے آ کھڑی ہوئی

ماڈل امل شاہ

خود پر ایک تکبر بھری نگاہ ڈال کر کر امل نے زیرِ لب کہا

امل نے موبائل کو ایک جگہ فکس کیا

اور میگزین میں چھپی ماڈلز کی طرح پوز دے کر کچھ تصویریں بنائیں

اور مزید کچھ پوز دیکھنے کے لیے میگزین کے صفحے پلٹنے لگی کہ ایک اشتہار پر امل کی نظریں جم گئیں

ایسا ہی تو کوئی موقع چاہیے تھا

Posted On Kitab Nagri

اوہ اللہ تیرا شکر ہے

امل نے موبائل اٹھا کر میگزین میں لکھا نمبر ڈائل کیا

ہیلو جرار صدیقی بول رہے ہیں

جاری ہے

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

www.kitabnagri.com

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

انتباہ:اس ناول کے تمام جملہ حقوق کتاب نگری ویب کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جائے۔

ان سب ویب، بلاگ، یوٹیوب چینل اور ایپ والوں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ اس ناول کو چوری کر کے پوسٹ کرنے سے باز رہیں ورنہ ادارہ کتاب نگری اور رائیٹر ان کے خلاف ہر طرح کی قانونی کاروائی کرنے کے مجاز ہونگے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com